## سوال

(458) موجودہ صحف کے خلاف ترتیب سورت کا پڑھنا نماز میں جائز ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

موجودہ صحف کے خلاف ترتیب سورت کا پڑھنا نماز میں جائز ہے۔ یا نہیں؟ مثلاً کسی نے پہلی رکعت میں سورہ کہف کو پڑھا۔ دوسری میں سورہ یونس کو پڑھا یا پہلی رکعت میں لایلف قریش لخ اور دوسری میں الم ترکیف لخ ایسی صورتوں میں نماز ہوگی یا نہیں (محمد رحمت اللہ علی خریدار نمبر 10444)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صبح کی نماز میں ایک رکعت میں سورہ کہف اور دوسری میں سورہ یوسف پڑھی کسی نے اعتراض نہیں کیا لہذا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد01ص617**

محدث فتویٰ